معجزاتِ سرورِ عالم | عربی تالیف: از جناب ولید الاعظمی - مترجم: برادرم حافظ محمد ادریس صاحب۔ ناشر: حرا پبلی کیشنز، اُردو بازار۔ لاہور۔ صفحات ۲۳۹ - قیمت: ۳۷/۵۰ روپے

کتاب بتاتی ہے کہ مؤلف کا درجہ مطالعہ و نگارش کے لحاظ سے کتنا بلند ہے۔ اور مترجم سونے پر سہاگہ۔ پھر یہ کہ ناشر بھی احوالِ رسالت کے بارے میں اچھی کتابیں پیش کرنے کے لحاظ سے قابلِ قدر۔ رسولِ مکرم و معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے دَور کے چھوٹے چھوٹے مگر بہت اہم واقعات جن کی تعداد قریباً ۲۴۱ ہے - نہایت تحقیق اور حسنِ بیان سے یکجا کیے گئے ہیں۔ اور انداز ایسا ہے کہ یہ سبق آموز ہیں۔ اور دل و دماغ پر اثر انداز ہونے والے ہیں۔ ہر واقعہ کے ساتھ سند و ماخذ کا بڑا اہتمام کیا گیا ہے۔

طلبہ و طالبات، خواتین، گھروں، صحافیوں اور خطیبوں کے لیے یہ کتاب بڑی اہم ہے۔

ماہنامہ نعت | ایڈیٹر: جناب راجا رشید محمود ضیاء الحق قریشی ایم اے - دفتر رابطہ: ۱۸ راحت مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ مقامِ اشاعت: اظہر منزل، مسیحا اسٹریٹ، نیو شاد مان کالونی، ملتان روڈ، لاہور۔ قیمت فی شمارہ ۱۰/- روپے۔ سالانہ: ۱۲۰/- روپے۔

اکتوبر کا شمارہ "میلاد النبی نمبر" کا اوّل حصّہ ہے - راجا رشید محمود کا ذوقِ نعت اور اسلوب دونوں معروفِ عام ہیں۔ خوب ہوا کہ اُنہوں نے نعت کے عنوان سے باقاعدہ رسالہ کا اجرا کر دیا۔ میلاد، تاریخِ ولادتِ حضور اور ایسے بھی مباحث پر مضامین بھی ہیں اور ظہور قدسی کے متعلق شعر و کلام بھی۔ ۱۴۳ نعتیں بھی شریکِ اشاعت ہیں۔

نسخاتِ صحت | مؤلف: جناب حکیم سیّد غلام رسول شاہ صاحب گیلانی مرحوم۔ ترتیب و تدوین و نظرِ ثانی از جناب سیّد اسعد گیلانی خلف الرشید حکیم صاحب مرحوم، بہ اہتمام اسلامی اکادمی منصورہ ملتان روڈ۔ لاہور۔ ذریعہ اشاعت: الفیصل ناشران و تاجرانِ کتب، غزنی اسٹریٹ، اُردو بازار لاہور ۳۲۲ صفحات، سفید کاغذ، طباعت مناسب، مجلد مع گرد پوش، قیمت ۴۸/- روپے

میں نے اس کتاب کو پڑھا اور اس سے متاثر ہوا - یہ عام طبی کتب کی طرح نہیں ہے، بلکہ اس میں